بچوں کے لئے

وضو کے آداب



Urdu & Roman





مرتب

نورالدین عمری، ایم اے، ایم فل

پیش لفظ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قارئین آپ کو یہ جان کر بڑی خوشی ہوگی کہ DTK کی جانب سے بچوں کی تعلیم وتربیت کی جو تحریک چل پڑی ہے اس کا بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ اس تحریک سے سیکڑوں بچے جڑے ہوئے ہیں، مسلسل ان کی تربیت کی جا رہی ہے، آداب سکھائے جا رہے ہیں، مختلف دلچسپ Activities دی جا رہی ہیں، تربیتی کلاس منعقد کئے جا رہے ہیں۔ بچوں کے لئے لٹریچر تیار کیا جا رہا ہے، نصاب تیار کیا جا رہا ہے، بچوں کے لئے مختلف کتابیں منظر عام پر آ چکی ہیں۔ اسی سلسلہ کی ایک کڑی **وضوء کے آداب** ہے۔ جس میں بچوں کے لئے وضوء کے مختلف آداب خوبصورت ڈیزائننگ کے ساتھ پیش کی جاتی ہیں۔ اللہ سے دعا ہے کہ اس کام کو قبول فرمائے۔ امت کے نونہالوں کے دلوں میں دین کی محبت پیدا فرمائے۔ دین پر عمل کرنا آسان بنا دے۔ آمین

آپ کا خیر خواہ

نورالدین عمری۔ ایم اے، ایم فل

1



URDU

سوال: وضوء کیا ہے؟

جواب: وضوء نماز کی کنجی ہے۔

Roman

Question: **Wazu kya hai?**

Answer: **Wazu namaz ki kunji hai.**

2



URDU

سوال: وضوء کا حکم قرآن مجید میں کہاں دیا گیا ہے؟

جواب: وضوء کا حکم قرآن مجید میں سورہ مائدہ آیت نمبر 6 میں دیا گیا ہے۔

Roman

Question: **Wazu ka Hukum Quran-e majid mein kaha diya gaya hai?**

Answer: **Wazu ka hukm Quran-e-majid mein Surah Maida Ayat No 6 mein diya gaya hai.**

3

URDU

سوال: کیا نماز سے پہلے وضوء کرنا ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں نماز سے پہلے وضوء واجب ہے
بغیر وضوء کے نماز قبول نہیں ہوتی ہے۔



ROMAN

Question: **Kya namaz se pehle wazu karna zaruri hai?**

Answer: **Ji ha namaz se pehle wazu wajib hai bagair wazu ke namaz qubul nahi hoti hai.**

4

URDU

سوال: وضوء کا کیا فائدہ ہے؟

جواب: وضوء جسمانی پاکی کا ذریعہ ہے، اور گناہوں کے دھلنے کا ذریعہ ہے۔

ROMAN

Question: **Wazu ka kya faida hai?**


Answer: **Wazu jismani paaki ka zariya hai ,aur gunaho ke dhulne ka zariya hai.**

5

URDU

سوال: وضوء شروع کرنے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب: وضوء کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھیں گے



Roman

Question: **Wazu shuru karne se pehle kya padhna chahiye?**

Answer: **Wazu shuru karne se pehle Bismillah padhenge.**

6

URDU

سوال: اللہ کے رسول کتنے پانی میں وضوء کرتے تھے؟

جواب: اللہ کے رسول ﷺ ایک مد پانی میں وضوء کرتے تھے

المُد



Roman

Question: **Allah ke rasool sallallahu alaihi wa sallam kitne pani mein wazu karte the?**

Answer: **Allah ke rasool sallallahu alaihi wa sallam ek mudd pani mein wazu karte the.**

7

URDU

سوال: ایک مد کا مطلب کیا ہے؟

جواب: ایک مد کا مطلب 544 گرام پانی ہوتا ہے۔




= 544Grm

ROMAN

Question: Ek mudd ka kya mathlab hai?

Answer: Ek mudd ka mathlab 544 gram pani hota hai.


8



URDU

سوال: وضوء کا طریقہ کیا ہے؟

جواب: پہلے بسم اللہ پڑھیں، تین بار کلائی دھوئیں، پھر تین بار کلی کرتے ہوئے ناک میں پانی لیں ناک صاف کریں، تین بار چہرہ دھوئیں، تین بار کہنی سمیت سیدھا ہاتھ دھوئیں، پھر بایاں ہاتھ تین بار دھوئیں۔ سر کا مسح کریں۔ سیدھا پیر اور بایاں پیر تین تین بار دھوئیں۔



ROMAN

Question: Wazu ka tariqa kya hai ?

Answer: Pehle Bismillah padhe ,3 baar kalayi dhoye,phir 3 baar kulli karte hue nak mein pani le nak saaf kare, 3 baar chehra dhoye , 3 baar kohniyo samet seedha hath dhoye,phir baya hath 3 baar dhoye , sar ka masah kare , seedha pair aur baya pair 3, 3 baar dhoye.

9

URDU



سوال: وضوء کے بعد کیا کریں؟

جواب: وضوء کے بعد کی دعا پڑھیں۔

أشْهَدُ أنْ لاَ إِلٰهَ إلا اللّٰهُ، وحْدَهُ لا شريک له، و أشهد أن محمدًا عبده ورسوله ”اللّٰهم اجعلني من التوابين واجعلني من المتطهرين“ (مسلم ترمذی)۔

ROMAN

Question: **Wazu ke baad kya karein?**

Answer: **Wazu ke baad ki dua padhein – *{{ash-hadu allaa ilaaha illallahu wahdahoo laa shareeka lahoo wa ash-hadu anna muhammadan ‘abduhoo wa rasooluh,allaahummaj’alnee minat tawaabeena waj’alnee minal mutatahhireen.}}***

10

URDU



سوال: وضوء کے بعد دعا پڑھتے ہوئے انگلی کا اشارہ آسمان کی طرف کرنا سنت ہے؟

جواب: شہادت کی انگلی کا اشارہ آسمان کی طرف کرنا سنت نہیں ہے۔

ROMAN

Question: **Wazu ke baad dua padhte hue shahadat ki ungli ka ishara asmaan ki taraf karna sunnat hai?**

Answer: **Shadat ki ungli ka ishara asmaan ki taraf karna sunnat nahi hai.**

11



URDU

سوال: وضوء کے لئے پانی کیسا ہو؟

جواب: وضوء کے لئے پانی صاف ہو۔



ROMAN

Question: **Wazu ke liye pani kaisa ho?**

Answer: **Wazu ke liye pani saaf ho.**

12



URDU

سوال: ہمیں کیسے پتہ چلے کہ پانی گندہ نہیں ہے؟

جواب: اگر پانی کا رنگ، مزہ، بو بدلا ہوا ہو تو پانی گندہ ہوگا۔

ROMAN

Question: **Hume kese pata chale ke pani ganda nahi hai?**

Answer: **Agar pani ka rang,maza,boo badla hua ho toh pani ganda hoga .**

13



URDU

سوال: کیا وضوء کے درمیان کوئی دعا ہے؟

جواب: نہیں، وضوء کے دوران کوئی دعا نہیں ہے۔

ROMAN

Question: Kya wazu ke darmiyan koi dua hai?

Answer: Nahi ,wazu ke douran koi dua nahi hai.

14



URDU

سوال: وضوء کب ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: پیشاب یا پائخانہ یا ہوا خارج ہونے سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے۔ اسی طرح گہری نیند سو جانے سے بھی وضوء ٹوٹ جاتا ہے۔

ROMAN

Question: Wazu kab tooth jata hai?

Answer: Peshab ya paikhana ya hawa kharij hone se wazu tooth jata hai –isi tarah gehri neend sojane se bhi wazu tooth jata hai.

15

URDU

سوال: کیا وضوء سے پہلے مسواک کرنا سنت ہے؟

جواب: جی ہاں وضوء سے پہلے مسواک کرنا سنت ہے۔



ROMAN

Question: Kya wazu se pehle miswak karna sunnat hai?


Answer: Ji ha wazu se pehle miswak karna sunnat hai.

16

URDU

سوال: کیا مرد اور عورت کے وضوء میں کوئی فرق ہے؟

جواب: مرد اور عورت کے وضوء میں کوئی فرق نہیں ہے۔





ROMAN

Question: Kya mard aur aurat ke wazu mein koi farq hai?

Answer: Mard aur aurat ke wazu mein koi farq nahi hai.

17



URDU

سوال: کیا وضوء کے بعد 2 رکعت سنت پڑھنا ثابت ہے؟

جواب: اگر کوئی وضوء کے بعد 2 رکعت سنت پڑھتا ہے تو جنت واجب ہوجاتی ہے۔

ROMAN

Question: **Kya wazu ke baad 2 rakat sunnat padhna sabit hai?**

Answer: **Agar koi wazu ke baad 2 rakat sunnat padhta hai toh jannat wajib hojati hai.**

18



URDU

سوال: اگر پانی نہ ملے تو کیا کریں؟


جواب: اگر وضوء کرنے کے لئے پانی نہ ملے تو تیمم کریں۔

ROMAN

Question: **Agar pani na mile toh kya kare?**

Answer: **Agar wazu karne ke liye pani na mile toh taymum kare.**

19



URDU

سوال: تیمم کا طریقہ کیا ہے؟

جواب: تیمم کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے دونوں ہاتھوں کو زمین پر یا مٹی پر
ایک بار مارا جائے ہاتھوں کو پھونک کر چہرے پر اور ہاتھوں پر پھیر لینا کافی ہے۔

Roman

Question: Taymum ka tareeqa kya hai?

Answer: Taymum ka tareeqa ye hai ke apne dono hatho ko zameen par ya mitti par ek baar maara jaye hatho ko phoonk kar chehre par aur hatho par pher lena kafi hai.

20



URDU

سوال: اگر ہم گھر سے وضوء کر کے مسجد جائیں تو کیا اجر ملے گا؟

جواب: اگر گھر سے وضوء کر کے مسجد پیدل چلیں تو
ہر قدم پر گناہ مٹایا جاتا ہے اور درجہ بلند کیا جائیگا۔

Roman

Question: Agar hum ghar se wazu karke masjid jaye toh kya ajr milega?

Answer: Agar ghar se wazu karke masjid paidal chale toh har qadam par gunah mitaya jata hai aur darja buland kiya jayega.

21



URDU

سوال: اگر وضوء کے دوران ہاتھ پیر میں کوئی جگہ سوکھی رہ جائے تو کیا ہوگا؟

جواب: اگر وضوء کے دوران کوئی جگہ سوکھی رہ جائے تو وضوء نہیں ہوگا۔

Roman

Question: **Agar wazu ke dauran hath pair mein koi jagah sukha rah jaye toh kya hoga?**

Answer: **Agar wazu ke dauran koi jagah sukhi rah jaye toh wazu nahi hoga**

INTRODUCTION OF NOORUDDIN UMERI

Shaikh Nooruddin Umeri, is a renowned Islamic scholar, speaker and researcher from Hyderabad, India. He has delivered thousands of talks all over India – in organized programs as well as Friday Sermons in Masaajid. Apart from the lengthy speeches, his short and informative videos on YouTube on a variety of topics have a large number of followers, Alhamdulillah.

He is a successful Child Psychologist and a Family Therapist. With in-depth understanding of Islam, he specializes in counseling students, parents and spouses in the light of Shari'ah.

EDUCATION:

Aalim Faazil – Jamia Darussalam, Oomerabad.
Bachelor of Arts, Arabic – Madras University.
Master of Arts, Arabic – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyderabad.
Diploma in Translation – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyderabad.
Master of Philosophy, Arabic – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyderabad
Master of Arts, Urdu – Central University of Hyderabad, Hyderabad

TEACHING EXPERIENCE:

Worked as an Arabic Lecturer at Narayana Junior College, Hyderabad for a period of 10 years.
Worked at Jamia Darul Furqaan, Sayeedabad, Hyderabad.
Jamia Hafsa Alssalfiya, Golconda, Hyderabad.

RESEARCH WORK:

AskIslamPedia – An online Islamic Encyclopedia, Head office – Hyderabad,

CURRENT DESIGNATION:

Director, Ocean The ABM School, Hyderabad.

Under designing Booklets for kids

- School ke Aadab
- Khel kood ke Adab
- Khane ke Aadab
- Sone ke Adab
- Mulaqat ke Adab
- Raste ke Adab
- Dosti ke Adab
- Padosi ke Adab
- Ghar ke Adab
- Sawari ke Adab
- Masjid ke Adab

Note :

Support us in publishing of children's literature
Google pay Number 9391138391